© rasailojaraid.com

مطبوعات

اَلاَحِبّاء | مُدیرِاعلیٰ : چوہدری نذیر احمد خان - مقام اشاعت :- دفتر الاحباء، ۱۱ ڈنگہ سنگھ بلڈنگ شارع قائدِاعظم، لاہور - پاکستان - قیمت سالانہ دس روپے - فی پرچہ ۳ روپے -

غیر ملکی خریداروں کے لیے ایک پونڈ اور دس شلنگ یا ۵ ڈالر -

زیر تبصرہ مجلہ اتحادِ عالمِ اسلامی کی علمبردار تنظیم فرینڈز آف دی مسلم ورلڈ کا سرکاری ترجمان ہے - یہ دو حصوں پر مشتمل ہے - حصہ انگریزی اور حصہ عربی - انگریزی حصے میں ڈاکٹر ایس - اے رحمان، چوہدری محمد علی، ایئر مارشل اصغر خان، چوہدری نذیر احمد، میاں منظر بشیر اور چوہدری کرم الٰہی بدرِنجے دنیا ئے اسلام میں اتحاد کے موضوع پر مختلف زاویوں سے اظہارِ خیال کیا ہے - حصۂ عربی میں مفتی سید امین الحسینی اور مولانا سید ابو الاعلیٰ مودودی کے مضامین شامل ہیں جو اسی موضوع سے بحث کرتے ہیں - پرچے کا انداز بڑا علمی اور سنجیدہ ہے - اس سہ ماہی مجلے کا اتحادِ عالمِ اسلامی کے مقدس مقصد کی تکمیل کے لیے اجراء، ہر لحاظ سے قابلِ قدر سعی ہے -

کتابت اور طباعت کا معیار عمدہ ہے -

علوم القرآن | تالیف : جناب ڈاکٹر صبحی صالح صاحب - لبنان - ترجمہ : مولانا غلام احمد حریری ایم - اے قیمت کاغذ سفید ۱۵ روپے - نیوز پرنٹ دس روپے - صفحات ۴۰۴ - ناشر : ملک برادرز کارخانہ بازار لائل پور -

کتاب کے مصنف اور مترجم دونوں کسی تعارف کے محتاج نہیں - انہی صفحات میں ان کی قابلِ قدر تصنیف علوم الحدیث کا تعارف پیش کیا جا چکا ہے - زیرِ تبصرہ کتاب کا اسلوب اور انداز بالکل اس سے ملتا جلتا ہے - فاضل مصنف نے قرآن حکیم کے بعض بنیادی حقائق، مثلاً حقیقتِ وحی، جمع و تدوینِ قرآن، علوم القرآن، ارتقاءِ تفسیر اور اعجاز القرآن کے بارے میں جدید طرز پر بڑی مستند معلومات فراہم کر دی ہیں - اس کتاب کا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ہمارے نزدیک سب سے روشن پہلو یہ ہے کہ اسلوبِ نگارش اور اندازِ بیان اگرچہ بالکل نیا ہے مگر تجدد پسندی کی اس میں کوئی جھلک نظر نہیں آئی۔

دوسرے فاضل مصنف نے بعض حقائق کی وضاحت کرتے ہوئے مستشرقین کی علمی خیانت کی بھی نشاندہی کی ہے اور اس طرح ہماری نوجوان نسل کے بہت سے شکوک و شبہات کو دُور کیا ہے۔ یہ کتاب چونکہ جدید تعلیم یافتہ طبقہ کے مزاج اور مسائل کو سامنے رکھ کر لکھی گئی ہے اس لیے اس میں زیادہ تر انہی مباحث کی وضاحت پر زور دیا گیا ہے جو ان کے ذہنوں میں اضطراب پیدا کرتے ہیں۔ یہ کتاب ترتیب و تدوین اور مواد کی فراہمی کے اعتبار سے بڑی قابلِ قدر ہے اور قرآنی ادب میں ایک اچھا اضافہ ہے۔ البتہ ایک کمی یہ ضرور محسوس ہوتی ہے کہ مصنف نے وحی کے بارے میں اُس شرح و بسط سے بحث نہیں کی جس کا یہ موضوع تقاضا کرتا ہے۔ اس بات کی اشد ضرورت تھی کہ اس کی نوعیت کو پوری تفصیل سے بیان کیا جاتا اور بعض لوگ اسے پیغمبر کے داخلی تجربات کا جو عکس قرار دیتے ہیں ان کے رد میں مسکت دلائل دیئے جاتے۔

کتاب کا معیارِ کتابت و طباعت اچھا ہے۔ البتہ جلد بندی میں احتیاط سے کام نہیں لیا گیا اور اوراق آگے پیچھے لگ گئے ہیں، جنہیں پڑھتے وقت کافی دقت محسوس ہوتی ہے۔

برِصغیر میں مُسلم قومیت کے تصوّر کا ارتقاء تالیف: جناب محمد الیاس خارانی ایم۔ اے۔ شائع کردہ: ادارۂ مطبوعات پاکستان۔ کراچی۔ صفحات ۲۰۹۔ قیمت تین روپے۔

دنیا کی ہر قوم اپنے اجتماعی شعور کے لیے الگ بنیاد رکھتی ہے جس کی بنا پر اُس کا قومی وجود دوسری اقوام سے جُداگانہ ہوتا ہے۔ اسلام کا انسانیت پر یہ احسانِ عظیم ہے کہ اس نے رنگ، وطن اور نسل کے مادی اور اتفاقی رشتوں کو قومیت کی اساس بنانے کے بجائے اللہ اور اُس کے رسول پر ایمان کو اس کی اساس قرار دیا ہے۔ کلمہ طیبہ کی مقناطیسی کشش نے مختلف رنگوں، مختلف نسلوں، مختلف ملکوں اور مختلف زبانیں بولنے والے سلیم الفطرت افراد کو ایک دوسرے کے ساتھ روحانی رشتوں میں ایسا منسلک کر دیا کہ اُن کے درمیان کامل فکری اور جذباتی ہم آہنگی پیدا ہو گئی۔ اسلام کا یہ کارنامہ درحقیقت اس بات کی ناقابلِ تردید شہادت ہے کہ انسانی زندگی کی اصل مادہ نہیں بلکہ روح ہے۔ اسلام کا یہ تصورِ قومیت پوری دُنیا کے لیے چیلنج کی حیثیت رکھتا ہے اور اس بنا پر دینِ حق کے دشمنوں نے اس تصوّر کو ہمیشہ نقصان پہنچانے کی کوشش

© rasailojaraid.com